AQF / Shabbir

06-08-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو راجدھانی Suva میں فجی کے اعلیٰ ترین اعزاز Companion of the order سے نوازا گیا ہے۔ صدر جمہوریہ نے فجی کی پارلیمنٹ سے بھی خطاب کیا۔

.2 بنگلہ دیش کے صدر نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ تحلیل کیے جانے کے بعد ایک عبوری حکومت تشکیل دی جائے گی۔ صدر نے BNP لیڈر اور سابق وزیراعظم خالدہ ضیاء کو رہا کرنے کا بھی حکم دیا ہے۔

.3 وزیراعظم نریندر مودی کی سربراہی میں سیکیورٹی سے متعلق کابینہ کمیٹی نے بنگلہ دیش کی صورتحال کا جائزہ لیا۔

.4 پہلی کثیر ملکی فضائی مشقیں ترنگ شکتی 2024 آج تملناڈو کے Sular میں شروع ہوں گی۔

.5 Avinash Sable نے اولمپکس میں مردوں کے تین ہزار میٹر Steeplechase فائنل کیلئے کوالیفائی کرکے تاریخ رقم کی ہے۔ وہ ایسا کرنے والے پہلے بھارتی کھلاڑی بن گئے ہیں۔

.6 اور : ہاکی میں مردوں کی بھارتی ٹیم سیمی فائنل میں جرمنی کا سامنا کرے گی۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PREZ FIJI

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو فجی کے صدر کی طرف سے فجی کے اعلیٰ ترین اعزاز Companion of the order سے نوازا گیا۔ صدر مرمو فجی کے دو روزہ دورے پر ہیں۔ انھوں نے فجی کی پارلیمنٹ سے خطاب کیا جہاں انھوں نے دونوں ملکوں کے درمیان 75 سال کی سفارتی وابستگی کا ذکر کیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے: V/C Sri Sai Vempatti

*صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کا راجدھانی SUVA پہنچنے پر فجی کی فوج کی طرف سے باضابطہ گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ وزیراعظم Sitiveni Rabuka کی موجودگی میں صدر مرمو کے اعزاز میں ایک*

روایتی استقبالیہ تقریب کا بھی اہتمام کیا گیا۔ صدر مرمو نے اسٹیٹ ہاؤس میں اپنی ہم منصب Williame Katonivere کے ساتھ باہمی میٹنگ کی، جہاں انھیں فجی کے اعلیٰ اعزاز Companion آف دَ آرڈر سے نوازا گیا۔ صدر جمہوریہ مرمو نے فجی پارلیمنٹ سے خطاب کیا اور وہاں انھوں نے آدتیہ L1 مشن کیلئے فجی کی حکومت کی طرف سے حمایت کرنے پر اُن کا شکریہ ادا کیا۔

Sri Sai Vempatti کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.......

صدر دروپدی مرمو کا راجدھانی Suva کے اسٹیٹ ہاؤس میں فجی کے صدر Wiliame Maivalili Katonivere کی طرف سے پُرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ صدر مرمو نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ میٹنگ کے دوران دونوں لیڈروں نے بھارت اور فجی کے درمیان تعلقات کو مزید بڑھانے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔

صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ اسٹیٹ ہاؤس میں انھوں نے Solarization of Heads of State Residences project کی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا جو بھارت کی ایک پہل ہے۔ اس کا افتتاح پچھلے سال فروری میں کیا گیا تھا۔ فجی کے اپنے دورے کے بعد صدر مرمو گورنر جنرل Cindy Kiro کی دعوت پر 7 سے 9 اگست کے دوران نیوزیلینڈ کا دورہ کریں گی وہ بھارتی برادری کے ساتھ بات چیت کریں گی اور ایک تعلیمی کانفرنس سے خطاب کریں گی۔ صدر مرمو Cindy Kiro کے ساتھ باہمی میٹنگیں بھی کریں گی۔

10 اگست کو صدر مرمو Timor Leste پہنچیں گی، یہ اِن کے دورے کا آخری مرحلہ ہوگا۔ وہ Timor Leste کے صدر Jose Ramos-Horta اور وزیراعظم Xanana Gusmao کے ساتھ میٹنگ کریں گی۔ توقع ہے کہ اِس دورے سے بھارت کے اِس خطے میں سفارتی اور معاشی تعلقات مستحکم ہوں گے۔x

## BANGLADESH SITUATION

بنگلہ دیش کے صدر محمد شہاب الدین نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ تحلیل کیے جانے کے بعد ملک میں ایک عبوری حکومت تشکیل دی جائے گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:		**V/C Naval Sang**

کل رات ٹیلی ویژن پر قوم سے ایک خطاب کے دوران بنگلہ دیش کے صدر محمد شہاب الدین نے اعلان کیا کہ پارلیمنٹ تحلیل کیے جانے کے بعد ملک میں جلد سے جلد ایک عبوری حکومت تشکیل دی جائے گی۔ صدر نے کہا کہ یہ فیصلہ مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈروں، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور دیگر فریقوں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران کیا گیا۔ میٹنگ میں تینوں افواج کے سربراہان بھی موجود تھے۔ صدر نے یہ بھی کہا کہ عبوری حکومت جلد سے جلد اگلے عام انتخابات منعقد کرائے گی تاکہ اقتدار

ایک منتخب حکومت کو منتقل کیا جا سکے۔ میٹنگ میں بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی کی چیئرپرسن خالدہ ضیاء اور دیگر سیاسی قیدیوں کو بھی رہا کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

**Navalsang Parmar** کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .........

بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ نے کل استعفیٰ دے دیا تھا اور وہ فوجی طیارے سے ملک چھوڑ گئی تھیں۔ جس کے بعد فوج خالی اقتدار کو پُر کرنے کے لیے آگے آئی ہے۔ فوج کی میڈیا وِنگ انٹر سروسز پبلک ریلیشنس **ISPR** نے کہا ہے کہ فوج کے سربراہ وقار الزماں بہت جلد طلبا اور اساتذہ کے نمائندوں کے ساتھ میٹنگ کریں گے۔ جنرل زماں نے کہا کہ حکومت اور نیم حکومت کے سبھی دفاتر، پرائیویٹ دفاتر، فیکٹریاں اور سبھی تعلیمی اداروں نیز، اسکول، کالج، مدرسے اور یونیورسٹیاں آج کھل جائیں گی۔

## CCS MEET

وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں سکیورٹی کے معاملے پر کابینہ کمیٹی کی میٹنگ کل نئی دلّی میں منعقد ہوئی، جس میں بنگلہ دیش میں موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اس میٹنگ میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، وزیر خزانہ نرملا سیتارمن اور دیگر نے شرکت کی۔×

## UN SECRETARY GENERAL BANGLADESH

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انٹونیو گُتریس نے کہا ہے کہ وزیراعظم شیخ حسینہ کے استعفیٰ کے بعد بنگلہ دیش کی فوج اور سیاسی عہدیداران کو ایک پُرامن جمہوری عمل کی منتقلی کیلئے مل کر کام کرنا چاہیئے۔ جناب گتریس کے نائب ترجمان فرحان حق نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ اس بات کو یقینی بنانا چاہتا ہے کہ سبھی حکام یعنی سیاسی اور فوجی عہدیداران یا کوئی اور بھی، جس کا موجودہ صورتحال سے تعلق ہے، وہ مل کر کام کریں، تاکہ پرامن طور پر جمہوریت بحال ہوسکے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جناب گتریس اس وقت بنگلہ دیش کے عوام کے ساتھ مضبوطی کے ساتھ کھڑے ہیں اور اقوام متحدہ ان کے جمہوری اور انسانی حقوق کے مکمل احترام پر زور دیتا ہے۔×

## BIMSTEC

بھارت آج نئی دلی میں **BIMSTEC** کاروباری سربراہ کانفرنس کے لیے **Bay of Bengal** پہل کی میزبانی کرے گا۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل اور دیگر لیڈروں کے کلیدی خطاب کے ساتھ تین روزہ اور کاروباری سربراہ کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ **x**

**LS DEMANDS FOR GRANTS**

لوک سبھا نے مختلف وزارتوں کی جانب سے مرکزی بجٹ 2024-25 میں مجوزہ، اخراجات سے متعلق بقایاجات مطالبات زَر کو منظوری دے دی ہے۔ ایوان نے وزیر خزانہ نرملا سیتارمن کی جانب سے پیش کئے گئے اخراجات سے متعلق بل 2024 کو بھی منظوری دے دی ہے۔×

**JK ASSEMBLY ELECTION**

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات ستمبر میں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ دفعہ-370 کی منسوخی کے بعد جموں وکشمیر میں پاکستان اور اُس کی خفیہ ایجنسی ISI کی سرگرمیوں پر کافی حد تک قابو پالیا گیا ہے۔ جناب ریڈی، جو جموں وکشمیر میں انتخابات سے متعلق BJP کے انچارج بھی ہیں، وہ جموں کے مضافات میں آر ایس پورہ علاقے میں Bana Singh اسٹیڈیم میں دفعہ-370 کو منسوخ کئے جانے کے پانچ سال مکمل ہونے پر BJP کی جانب سے منعقدہ 'Ekatma مہوتسو' سے خطاب کررہے تھے۔

اپوزیشن پارٹیوں، خاص طور سے کانگریس اور نیشنل کانفرنس پر سخت تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ دفعہ-370 کو پھر سے نافذ کرنے کی بات کررہی ہیں، جس کی وجہ سے پاکستان کی شہ والی دہشت گردی کے ذریعہ جموں وکشمیر میں صرف تباہی اور اموات کا سلسلہ رہا۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**IAF-TARANG SHAKTI**

بھارت، آج سے تملناڈو کے Sular میں پہلی کثیر ملکی فضائی مشق 'ترنگ شکتی 2024' کی میزبانی کرے گا۔ اِس مشق میں تقریباً 30 ممالک حصہ لے رہے ہیں اور 30 میں سے 10 ممالک اپنے جنگی طیاروں کے ساتھ اس میں شرکت کریں گے۔ یہ مشق دو مرحلوں میں ہو رہی ہے جس کا مقصد بھارت کی دفاعی صلاحیت کا اظہار اور اس مشق میں حصہ لینے والے ممالک کی فوجوں کے درمیان اشتراک کیلئے پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔

نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے فضائیہ کے نائب سربراہ ایئر مارشل اے پی سنگھ نے مطلع کیا کہ اس مشق کا پہلا مرحلہ تمل ناڈو کے Sular میں آج سے 14 اگست تک اور دوسرا مرحلہ راجستھان کے جودھپور میں 29 اگست سے 14 ستمبر تک ہوگا۔ **S/B AP Singh Air Marshal**

ایئر مارشل اے پی سنگھ نے مزید کہا کہ بھارت، ملک میں ہی تیار کردہ لڑاکا طیارے اور سازوسامان کی نمائش کرے گا۔×

**BSF WOMEN MOUNATAINERS**

BSF کے ADG (OPS) انوراگ گرگ نے ماؤنٹ Mukut East کی ایک مہم کے لیے کل نئی دلی سے خواتین پر مشتمل پہلی کوہ پیا ٹیم کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔ Mt. Mukut East اتراکھنڈ میں واقع ہے۔ 12 خواتین پر مشتمل کوہ پیا ٹیم کا دستہ 23 ہزار 392 فٹ بلند ماؤنٹین Mukut East کی مہم سَر کرے گا اور وہاں قومی پرچم لہرائے گا۔
ایک تقریب کے دوران جناب گرگ نے کہا کہ BSF خواتین اور مردوں کو اس طرح کے مزید مواقع فراہم کرنے کے تئیں عہد بستہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ تاریخ میں پہلا موقع ہے کہ خواتین پر مشتمل کوہ پیا ٹیم 23 ہزار سے 24 ہزار کی بلندی پر واقع پہاڑ کی چوٹی سَر کرے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ BSF کئی برسوں سے کوہ پیمائی کو فروغ دے رہی ہے اور ٹیم کے کئی ممبروں نے کئی اعزاز بھی حاصل کیے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ BSF نے ماؤنٹ ایوریسٹ کی چوٹی دو بار سَر کی تھی اور پہاڑ کی چوٹی پر قومی پرچم لہرایا تھا۔x

**IMD-WEATHER**

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے شمال مغربی اور مشرقی بھارت میں اگلے دو سے تین روز کے دوران دور دور تک شدید بارش ہونے کے ساتھ بڑے پیمانے پر بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات سے متعلق محکمے نے کہا ہے کہ ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں آج، اور اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں اس مہینے کی 10 تاریخ تک شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمے نے مزید کہا ہے کہ جھارکھنڈ، بہار، اڈیشہ اور گنگا کے علاقے والے مغربی بنگال میں بھی آج شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔
IMD نے تمل ناڈو، مغربی راجستھان، اترپردیش، پنجاب، جموں وکشمیر، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی آج اسی طرح موسم کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ مغربی اور وسطی بھارت کے مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، گوا، مدھیہ مہاراشٹر اور گجرات میں بھی آئندہ دو روز کے دوران اسی طرح کے موسم کے حالات رہیں گے۔ اس دوران موسمیات سے متعلق ایجنسی نے ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلّی میں پورے ہفتے ہلکی سے اوسط بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔×

**UTTARAKHAND-RESCUE**

اتراکھنڈ میں کل کیدار وادی میں موسم صاف ہونے کے ساتھ فضائیہ کی بچاؤ کارروائیوں میں تیزی آنے سے کل کیدارناتھ کیلئے بارش سے تباہ ہوچکے راستے سے ایک ہزار 400 سے زیادہ پھنسے ہوئے افراد کو بحفاظت نکال لیا گیا۔ بھارتی فضائیہ کے

Chinook اور MI-17 ہیلی کاپٹروں نے عقیدت مندوں کو بحفاظت نکالنے میں مدد کی۔ 136 عقیدت مندوں کو بھارتی فضائیہ اور ریاست کے ہیلی کاپٹروں کے ذریعہ بچایا گیا، جبکہ 509 افراد کو کیدارناتھ سے پیدل Lincholi لایا گیا اور پھر انہیں ہیلی کاپٹر کے ذریعہ محفوظ مقامات تک پہنچایا گیا۔

قدرتی آفات کے بندو بست سے متعلق محکمہ کے سکریٹری ونود کمار سمن نے کہا کہ ان کے علاوہ 584 افراد کو سون پریاگ کے راستے گوری کُنڈ سے بچایا گیا اور دیگر 172 کو Chaumasi سے بچایا گیا۔ گزشتہ ہفتہ جمعرات سے بچاؤ کارروائیاں شروع ہونے کے بعد سے 11 ہزار 775 سے زیادہ افراد کو محفوظ مقامات پر پہنچایا گیا ہے۔ 31 جولائی کو شدید بارش اور بادل پھٹنے سے کیدارناتھ کا راستہ کئی جگہ سے تباہ ہوگیا تھا۔

اس راستے پر دیگر مقامات پر چٹانوں کے ٹکڑے گرنے سے بھی رکاوٹیں حائل ہوگئی تھیں۔ فوج نے کیدارناتھ قومی شاہراہ پر سون پریاگ-گوری کُنڈ سڑک پر ایک پل کی تعمیر کا کام شروع کردیا ہے۔ فوج نے مخصوص ضروریات کے حامل افراد، بیمار اور بزرگ شہریوں کے نقل وحمل کیلئے سون پریاگ میں ایک ٹرالی بھی نصب کی ہے۔×

## ASSAM-FLOODS

آسام میں کل شام گوہاٹی میں شدید بارش سے تازہ سیلاب کے سبب معمول کی زندگی بری طرح متاثر ہوئی۔ گوہاٹی کے مختلف علاقوں سے بڑے پیمانے پر پانی کے بھرجانے کی خبریں موصول ہوئی ہیں۔ پانی بھرنے کے سبب موٹر گاڑیوں کی آمد ورفت بری طرح متاثر ہوئی۔ بڑے پیمانے پر ٹریفک جام کی وجہ سے لوگوں کو گھروں تک پہنچنے کیلئے گھنٹوں انتظار کرنا پڑا۔

تازہ سیلاب کے تناظر میں گوہاٹی میونسپل کارپوریشن علاقے میں واقع کالج اور کوچنگ مراکز سمیت سبھی تعلیمی ادارے آج بند رہیں گے۔×

## AMARNATH YATRA- JAMMU

امرناتھ گپھا کے درشن کرنے کیلئے ایک ہزار 873 یاتریوں کا ایک اور جتھا جموں کے بھگوتی نگر بنیادی پڑاؤ سے کشمیر وادی کیلئے روانہ ہوا۔ یہ یاتری آج صبح سویرے 69 گاڑیوں کے ایک قافلے میں بنیادی پڑاؤ سے روانہ ہوئے۔ اس جتھے میں ایک ہزار 579 مرد، 202 خواتین، 65 سادھو اور 27 سادھویاں شامل ہیں۔ یہ یاتری آج صبح سویرے بالتل بنیادی پڑاؤ سے کشمیر وادی کیلئے روانہ ہوئے، جہاں سے وہ پوتر گپھا کے آگے کے اپنے سفر پر روانہ ہوں گے۔×

## OLYMPICS SABLE HISTORY

اور اب کچھ خبریں پیرس اولمپکس کی۔

پیرس اولمپکس 2024 میں کل رات اویناش سابلے نے مردوں کے تین ہزار میٹر اسٹیپل چیز کے فائنل کیلئے کوالیفائی کرکے تاریخ رقم کی اور وہ ایسا کرنے والے پہلے بھارتی کھلاڑی بن گئے ہیں۔ سابلے اس دوڑ میں پانچویں مقام پر رہے اور انہوں نے 8 اگست کو ہونے والے فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔

اس سے قبل ٹیبل ٹینس ٹیم مقابلے میں Manika بترا، سریجا اَکولا اور ارچنا کامت سمیت خواتین کی بھارتی ٹیم نے رومینیا کی ٹیم کو پری کوارٹر فائنل میں تین- دو سے ہرادیا۔ اس جیت کے ساتھ ہی انہوں نے کوارٹر فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا، جو کل ہوگا۔ کشتی میں خواتین کے 50 کلوگرام فری اسٹائل زمرے میں بھارت کی وِنیش کا مقابلہ جاپان کی Yui Susaki سے ہوگا۔ ہاکی میں مردوں کی بھارتی ٹیم سیمی فائنل میں جرمنی کا سامنا کرے گی۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ارجمندعلی خان

شکریہ – شبانہ رحمان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے بنگلہ دیش کے حالات سے متعلق خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔ روزنامہ انقلاب نے وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں کل کابینہ کمیٹی کی میٹنگ منعقد کئے جانے کی خبر کو اولیت دی ہے۔ اس میٹنگ میں بنگلہ دیش کے حالات پر غوروخوص کیا گیا۔ اس سلسلے میں روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے : شدید عوامی دباؤ اور تشدد کے بعد بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ مستعفٰی۔

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان کے راجیہ سبھا میں دیے گئے اس بیان کو بھی کئی اخباروں نے خصوصیت کے ساتھ پہلے صفحے کی خبر کے طور پر پیش کیا ہے کہ کسانوں کی ڈیجیٹل شناخت تیار کی جا رہی ہے اور اسے ان کی کھیتی کی زمینوں سے جوڑ دیا جائے گا۔ صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جے پی نڈا کا یہ بیان بھی اخباروں کی زینت ہے کہ حکومت ہر ایک کی صحت کو برقرار رکھنے کی کوشش کر رہی ہے۔

وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن کا لوک سبھا میں دیا گیا یہ بیان بھی روزنامہ پرتاپ کی سرخی ہے کہ سہارا گروپ کے ان سرمایہ کاروں کو رقم واپس کرنے میں کوئی دشواری نہیں ہے جن کے پاس مکمل دستاویزات موجود ہیں۔ ڈاکٹر منسکھ مانڈویا اور جیوتر آدتیہ سندھیا نے کل نئی دلّی میں پیرس اولمپکس کے لیے یادگاری ٹکٹ جاری کیا، روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ سمیت کئی اخباروں کے اندرونی صفحے کی سرخی ہے۔ ساتھ ہی اخباروں نے وزیر داخلہ امت شاہ کی چھتیس گڑھ کے نو منتخب گورنر ڈیکا سے کل نئی دلی میں غیر رسمی ملاقات کی خبر کو بھی پیش کیا ہے۔×

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو راجدھانی **Suva** میں فجی کے اعلیٰ ترین اعزاز **Companion of the order** سے نوازا گیا ہے۔ صدر جمہوریہ نے فجی کی پارلیمنٹ سے بھی خطاب کیا۔

2. بنگلہ دیش کے صدر نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ تحلیل کیے جانے کے بعد ایک عبوری حکومت تشکیل دی جائے گی۔ صدر نے **BNP** لیڈر اور سابق وزیراعظم خالدہ ضیاء کو رہا کرنے کا بھی حکم دیا ہے۔

3. وزیراعظم نریندر مودی کی سربراہی میں سیکیورٹی سے متعلق کابینہ کمیٹی نے بنگلہ دیش کی صورتحال کا جائزہ لیا۔

4. پہلی کثیر ملکی فضائی مشقیں ترنگ شکتی **2024** آج تملناڈو کے **Sular** میں شروع ہوں گی۔

5. **Avinash Sable** نے اولمپکس میں مردوں کے تین ہزار میٹر **Steeplechase** فائنل کیلئے کوالیفائی کرکے تاریخ رقم کی ہے۔ وہ ایسا کرنے والے پہلے بھارتی کھلاڑی بن گئے ہیں۔

6. اور : ہاکی میں مردوں کی بھارتی ٹیم سیمی فائنل میں جرمنی کا سامنا کرے گی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------